# 04-06-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ پارلیمنٹ کے مانسون اجلاس کا آئندہ ماہ کی 21 تاریخ سے آغاز ہوگا۔

۲۔ مرکزی حکومت، دہلی ہائی کورٹ کے سابق جج جسٹس یشونت ورما کے خلاف تحریک مواخذہ شروع کرنے کے لئے تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ اتفاق رائے پیدا کرنے کے لئے اقدامات کررہی ہے۔

۳۔ پسماندہ طبقات کی بھلائی کے وزیر پونم پربھاکر نے بی آر ایس کے صدر چندر شیکھر راؤ کو نوٹسوں کی اجرائی کا دفاع کیا اور پیشرو بی آر حکوت پر پانی کی سربراہی کے بہانے عوامی رقم میں لوٹ مار کرنے کا الزام عائد کیا۔

۴۔ مناسک حج کا آج سے باقاعدہ طور پر آغاز ہوگیا ہے۔

## MAHA DHARNA

تلنگانہ جاگروتی کی صدر و بی آر ایس ایم ایل سی کویتا نے حکمراں کانگریس حکومت کی جانب سے پارٹی سربراہ و سابق وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ کی کالیشورم لفٹ آبپاشی پروجیکٹ میں بے قاعدگیوں پر نوٹسیں جاری کرنے کے خلاف آج اندرا پارک کے قریب مہا دھرنا منعقد کیا۔ توقع ہے کہ کے سی آر، 11 جون کو جسٹس پی سی گھوش کمیشن کے روبرو حاضر ہوں گے جو کروڑ ہا روپے کے مذکورہ پروجیکٹ میں ہوئی بے قاعدگیوں کی تحقیقات کررہا ہے۔ کویتا نے اس موقع پر کانگریس حکومت پر الزام عائد کیا کہ وہ اپنی ناکامیوں کو چھپانے کے لئے سابق وزیر اعلیٰ کو نشانہ بنارہی ہے۔ کویتا نے الزام عائد کیا کہ کانگریس حکومت نے پیشرو بی آر ایس حکومت کی مقبولیت کو کم کرنے کے مقصد سے کالیشورم پروجیکٹ کے تعلق سے انکوائری کمیشن بنایا ہے۔

## PONNAM

پسماندہ طبقات کی بھلائی کے وزیر پونم پربھاکر نے نمائش میدان، نامپلی میں 8 اور 9 جون کو مچھلی میں دی جانے والی دمہ کی دوا کے پروگرام کے پرامن انعقاد کو یقینی بنانے کے لئے آج انتظامات کا جائزہ لیا۔ وزیر نے نمائش میدان پر انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ دوا کی تقسیم کے دوران اِس بات کو یقینی بنایا جائے کہ کسی بھی طرح کے مسائل نہ ہوں۔ انہوں نے فشریس کارپوریشن کے چیرمین سائی کمار کو انتظامات کے تعلق سے مختلف مشورے دئے۔ کارپوریشن نے مچھلی کے ذریعہ دی جانے والی دوا کے ضمن میں 1.5 لاکھ مچھلیاں تیار رکھی ہیں۔

TRAFFIKING

ریلوے پروٹیکشن فورس ( آر پی ایف ) نے انسانوں کی اسمگلنگ (اے اے ایچ پی ) کے خلاف ایک آپریشن کے تحت آج سکندرآباد ریلوے اسٹیشن پر 7 متاثرہ بچوں کو بچالیااور 3 ملزمین کوگرفتار کرلیا۔آر پی ایف کے سکندرآباد ڈویژن نے راما گنڈم، ورنگل اور قاضی پیٹ کے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ یونٹس کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے ایک خصوصی مہم چلائی اور سرپور کاغذنگر سے سکندرآباد جانے والی اکسپریس ٹرین میں تلاشی لی۔ یہ آپریشن بچپن بچاؤ آندولن نامی ایک ایم جی او کے اشتراک سے کیا گیا۔

GADWAL - ETHANOL

ضلع جوگولامبا گدوال کے منڈل راجولی کے موضع پیدادھنواڑہ میں آج اس وقت کشیدگی پھیل گئی جب کسانوں نے ایک ایتھنال پلانٹ کے قیام کے خلاف احتجاج کیا۔صورتحال اس وقت مزید بگڑ گئی جب احتجاجی ورک سائٹ پر پہنچ گئے اور خیموں کونقصان پہنچانے کے علاوہ کمپنی کی اشیاء کونقصان پہنچایا۔کمپنی نے گزشتہ برس اجازت حاصل کرنے کے بعداس پروجیکٹ کیلئے بنیادی کام شروع کئے تھے۔مقامی پولیس کے ذرائع کے مطابق موجودہ قواعد کے مطابق مذکورہ یونٹ کے قیام کیلئے گرام سبھا کی اجازت لینا ضروری نہیں ہے۔ دیہی افراد نے دعویٰ کیا کہ اس پلانٹ سے ان کی فصلوں کونقصان پہنچے گا اورسوتی آلودگی میں اضافہ ہوگا۔کشیدگی اس وقت بڑھ گئی جب 10 مواضعات سے تعلق رکھنے والے کسان احتجاج میں شامل ہوئے۔انہوں نے پلانٹ کے مقام کا گھیراؤ کرلیا۔ مقامی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس سرینواس راؤ نے کہا کہ کمپنی کے ذمہ داروں کومشورہ دیا گیا کہ وہ اس جگہ کوخالی کردیں۔صورتحال کومزید بگڑنے سے بچانے کیلئے مذکورہ مقام پر پولیس کو متعین کیا گیا ہے۔

FOOD POISONING

ریاست کے وزیرصحت داموددھرراج نرسمہا نے آج کہا ہے کہ سمت غذا سے متاثر ہونے کی بنا پر 92 افراد حیدرآباد میں واقع انسٹیٹیوٹ آف مینٹل ہیلتھ ( آئی ایم ایچ ) میں زیرعلاج ہیں۔ کل ایک مریض جانبر نہ ہوسکا اوراس سلسلہ میں تحقیقات جاری ہیں۔ متاثرین میں 18 افراد کی حالت بہتر ہے جنہیں عثمانیہ ہاسپٹل میں شریک کرایا گیا ہے۔ بعض ازاں ران نرسمہا نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ مابقی 74 مرضوں کی حالت مستحکم ہے۔ جن کا خصوصی علاج کیا جارہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 2 جون کوسربراہ کردہ غذا کے معیار کی جانچ کی گئی اور رپورٹ کا انتظار ہے۔رپورٹ کے مطابق کارروائی کی جائے گی جبکہ کنٹراکٹر کو برطرف کردیا گیا ہے۔

PAR SESSION

مرکزی حکومت نے آئندہ ماہ کی 21 تاریخ سے پارلیمنٹ کے مانسون اجلاس کو شروع کرنے کے تعلق سے شیڈول کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان ایسے وقت کیا گیا جب پوزیشن جماعتوں کی جانب سے آپریشن سندور پر مباحث کے لئے پارلیمنٹ کا خصوصی سیشن منعقد کئے جانے کا مطالبہ کیا جارہا ہے۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے نئی دہلی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ مانسون سیشن کا اختتام 12 اگست کو ہوگا۔

Sound Byte Kiren Rijiju

آپریشن سندور کے بعد یہ پارلیمنٹ کا پہلا اجلاس ہوگا۔

GOVERNOR

ریاستی گورنر جشنو دیو ورما نے آج 2024ء کے آئی اے ایس آفیسرس کے ٹرینی اسسٹنٹ کلکٹرس پر زور دیا کہ وہ عوام سے جڑے رہیں۔ گورنر نے آج راج بھون میں تلنگانہ ٹرینی اسسٹنٹ کلکٹرس سے بات چیت کی۔ گورنر نے انہیں مشورہ دیا کہ عوام سے ملاقات کریں گے اور ان کے مسائل کو سمجھیں۔ اس موقع پر ایم سی آر ایچ آر ڈی آئی کے نائب صدرنشین، ڈی جی شانتی کماری اور کورس ڈائرکٹر اوشارانی بھی موجود تھے۔

HAJ

حج 2025ء کے تحت مناسکِ حج کا آج سے آغاز ہوگیا ہے اور 1.4 ملین سے زائد عازمین مکہ مکرمہ میں جمع ہیں جیسا کہ سعودی عرب کے حکام نے عصری تاریخ میں سب سے زیادہ مہنگے حفاظتی انتظامات کو یقینی بنایا ہے تاکہ شدید گرمی جیسے مسائل سے نمٹا جاسکے۔ عازمین حج نے آج صبح کی ابتدائی ساعتوں سے خیموں کے شہر منیٰ کا سفر شروع کیا ہے۔ اس عمل کے ذریعہ دنیا کے سب سے بڑے مذہبی پروگرام کا رسمی طور پر آغاز ہوتا ہے۔ توقع ہے کہ مناسک حج کا اختتام 9 جون کو ہوگا۔

EMPEACHMENT

مرکزی حکومت، دہلی ہائی کورٹ کے سابق جج جسٹس یشونت ورما کے خلاف تحریک مواخذہ شروع کرنے کے لئے تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ اتفاق رائے پیدا کرنے کے لئے اقدامات کررہی ہے۔ چند ماہ پہلے یشونت ورما کی نئی دہلی میں واقع سرکاری رہائش گاہ سے بڑی تعداد میں نقد رقم برآمد ہوئی تھی۔ نئی دہلی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ جسٹس ورما کے خلاف تحریک مواخذہ کا تعلق عدلیہ میں رشوت سے ہے جبکہ اس معاملہ کو نظر انداز کئے جانے کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ اس معاملہ کو نہایت تشویش ناک قرار دیتے ہوئے رجیجو نے کہا کہ عدلیہ یا کہیں بھی رشوت

سے متعلق کسی بھی طرح کی بات چیت،قوم کے بہترین مفاد کے تحت کی جاتی ہے۔

Sound Byte

FACE TO FACE

پسماندہ طبقات کی بھلائی کے وزیر پونم پربھاکر نے کےسی آرکونوٹسیں جاری کرنے کے خلاف ایم ایل سی کویتا کی جانب سے دھرنا چوک پر کئے گئے احتجاج کو محض اپنی موجودگی کا احساس دلانے کی ایک کوشش قرار دیا ہے۔انھوں نے کہا کہ تحقیقاتی کمیشن، کالیشورم پروجیکٹ کے معاملہ میں کسی کو بھی نوٹس جاری کرسکتا ہے۔انھوں نے سابق وزیراعلیٰ کونوٹسوں کی اجرائی کا دفاع کیا اورالزام عائد کیا کہ پیشرو بی آرایس حکومت نے آبپاشی پروجیکٹ کی تعمیر کے ذریعہ عوامی رقم میں لوٹ مار کی۔بعد ازاں وزیر نے گاندھی بھون میں دوبدو پروگرام میں شرکت کی اورعوام کے علاوہ پارٹی ورکرس سے درخواستیں وصول کیں۔

WEATHER

تلنگانہ میں مختلف مقامات پر ہلکی تا اوسط بارش یا بوندہ باندی کا قوی امکان ہے۔اضلاع نظام آباد،سرسلہ،نلگنڈہ،سدی پیٹ، رنگاریڈی، حیدرآباد میڑچل ملکاجگری، وقارآباد، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی،محبوب نگر، ناگرکرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ اورگدوال میں کہیں کہیں تیز ہوائیں بھی چل سکتی ہیں۔